جمعہ 23 ستمبر 2005ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD　ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 23 ستمبر 2005ء 18 شعبان 1426 ہجری 23 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 213

زندہ خدا پر یقین

مسیلمہ کذاب ایک کثیر فوج لے کر مدینہ آیا اور آنحضرت ﷺ سے کہا کہ اگر آپ مجھے اپنے بعد حاکم مقرر کردیں تو میں آپ کا متبع ہوجاؤں گا۔آنحضرت ﷺ کے ہاتھ میں کھجور کی ایک شاخ تھی آپ نے فرمایا اگر تو مجھ سے یہ بھی مانگے تو میں نہیں دوں گا۔اور اگر تو پیٹھ پھیر کر چلا جائے گا تو خدا تیری کونچیں کاٹ دے گا۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی باب وفد بنی حنیفة حدیث نمبر:4025)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یقین تین قسم کا ہوتا ہے۔ایک یہ کہ محض علم اور قیاس سے حاصل ہوتا ہے جیسا کہ کوئی دور سے دھوآں دیکھے اور قیاس اور عقل کو دخل دے کر سمجھ لے کہ اس جگہ ضرور آگ ہوگی۔اور پھر دوسری قسم یقین کی یہ ہے کہ اس آگ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لے۔پھر تیسری قسم یقین کی یہ ہے کہ مثلاً اس آگ میں ہاتھ ڈال دے اور اس کی قوت احتراق سے مزہ چکھ لے۔پس یہ تین قسمیں ہوئیں۔علم الیقین[1]۔ عین الیقین[2]۔حق الیقین[3]۔اس آیت میں خدا تعالیٰ نے سمجھایا کہ تمام راحت انسان کی خدا تعالیٰ کے قرب اور محبت میں ہے اور جب اس سے علاقہ توڑ کر دنیا کی طرف جھکے تو یہ جہنمی زندگی ہے۔اور اس جہنمی زندگی پر آخر کار ہر یک شخص اطلاع پالیتا ہے اور اگرچہ اس وقت اطلاع پاوے جبکہ یکدفعہ مال و متاع اور دنیا کے تعلقات کو چھوڑ کر مرنے لگے۔اور پھر دوسری جگہ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔یعنی جو شخص خدا تعالیٰ کے مقام اور عزت کا پاس کر کے اور اس بات سے ڈر کر کہ ایک دن خدا کے حضور میں پوچھا جائے گا گناہ کو چھوڑتا ہے اس کو دو بہشت عطا ہوں گے(1)اول اسی دنیا میں بہشتی زندگی اس کو عطا کی جاوے گی اور ایک پاک تبدیلی اس میں پیدا ہو جائے گی اور خدا اس کا متولی اور متکفل ہوگا(2)دوسرے مرنے کے بعد جاودانی بہشت اس کو عطا کیا جائے گا۔یہ اس لئے کہ وہ خدا سے ڈرا اور اس کو دنیا پر اور نفسانی جذبات پر مقدم کرلیا۔پھر ایک اور جگہ قرآن شریف میں فرماتا ہے(۔)یعنی ہم نے کافروں کے لئے جو ہماری محبت دل میں نہیں رکھتے اور دنیا کی طرف جھکے ہوئے ہیں زنجیر اور طوقِ گردن اور دل کے جلنے کے سامان تیار کرر کھے ہیں اور دنیا کی محبت کی ان کے پیروں میں زنجیریں ہیں اور گردنوں میں ترک خدا کا ایک طوق ہے جس سے سر اٹھا کر اوپر کو نہیں دیکھ سکتے اور دنیا کی طرف جھکے جاتے ہیں۔اور دنیا کی خواہشوں کی ہر وقت ان کے دلوں میں ایک جلن ہے۔مگر وہ جو نیکوکار ہیں وہ اسی دنیا میں ایسا کافوری شربت پی رہے ہیں جس نے ان کے دلوں میں سے دنیا کی محبت ٹھنڈی کردی ہے اور دنیا طلبی کی پیاس بجھا دی ہے۔کافوری شربت کا ایک چشمہ ہے جو ان کو عطا کیا جاتا ہے اور وہ اس چشمہ کو پھاڑ پھاڑ کر نہر کی صورت پر کردیتے ہیں تا وہ نزدیک اور دور کے پیاسوں کو اس میں شریک کردیں اور جب وہ چشمہ نہر کی صورت پر آجاتا ہے اور قوت ایمانی بڑھ جاتی ہے اور محبت الٰہی نشو ونما پانے لگتی ہے تب ان کو ایک اور شربت پلایا جاتا ہے جو زنجبیلی شربت کہلاتا ہے۔یعنی پہلے تو وہ کافوری شربت پیتے ہیں جس کا کام صرف اس قدر ہے کہ دنیا کی محبت ان کے دلوں پر سے ٹھنڈی کردے لیکن بعد اس کے وہ ایک گرم شربت کے بھی محتاج ہیں تا خدا کی محبت کی گرمی ان میں بھڑکے کیونکہ صرف بدی کا ترک کرنا کمال نہیں ہے۔بس اسی کا نام زنجبیلی شربت ہے۔اور اس چشمہ کا نام سلسبیل ہے جس کے معنے ہیں خدا کی راہ پوچھ۔

(لیکچر لاہور۔ روحانی خزائن جلد20 ص 158)

سالانہ اجتماع انصار اللہ کا التوا

☆ مجلس انصار اللہ پاکستان کا سالانہ اجتماع مجوزہ 30 ستمبر، یکم، اور 2/ اکتوبر 2005ء ربوہ میں ملتوی کیا جاتا ہے۔ان تاریخوں میں یہ اجتماع نہیں ہوگا۔ضلعی عہدیداران جملہ مجالس کو یہ اطلاع پہنچادیں۔

(قائد عمومی مجلس انصار اللہ پاکستان ربوہ)

ضرورت انسپکٹر

☆ دفتر مجلس انصار اللہ پاکستان کو ایک انسپکٹر کی ضرورت ہے۔تعلیم کم از کم F.A ضروری ہے۔اپنی درخواستیں امیر/صدر جماعت کی تصدیق کے ساتھ 5/ اکتوبر 2005ء تک بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

(قائد عمومی مجلس انصار اللہ پاکستان ربوہ)

یوم تحریک جدید

امراء و صدر صاحبان کی خدمت میں گزارش ہے کہ 14۔اکتوبر 2005ء بروز جمعة المبارک ”یوم تحریک جدید“ منانے کا اہتمام فرمائیں اور اس کی رپورٹ سے دفتر کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

میڈیکل کالجز کے احمدی طلباء متوجہ ہوں

اگر آپ کسی میڈیکل کالج کے طالب علم ہیں تو مندرجہ ذیل ایڈریس پر اپنے ضروری کوائف سے اطلاع دیں۔

نام۔ ولدیت۔ میڈیکل کالج اور شہر کا نام

موجودہ تعلیمی کلاس۔ موجودہ ایڈریس

مستقل ایڈریس فون نمبر

بیت الاظہار۔ بالائی منزل احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ ربوہ

فون نمبر: 047-6212967

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں)

خدا کرے ہمارے دل، ہماری زبان اور ہمارے الفاظ ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیں۔

اے جوانانِ وطن !

بیدار جوانی ہے تو ہر درد کا درماں
خفتہ ہے تو خود باعث آزار جوانی
بیدار جوانی ہے تو قوموں کی مسیحا
خفتہ ہے تو خود جان سے بیزار جوانی
گہ غفلت و مستی میں ہے اک خواب کا عالم
گہ باعثِ رنگینیٔ افکار جوانی
گہ ذوقِ عمل اس کی نحوست سے ہے مردہ
گہ بادۂ کردار سے سرشار جوانی
گہ پائے بتِ ناز کی روندی ہوئی دنیا
گہ قوت و جبروت کا اظہار جوانی
گہ خود کشی و تیشۂ فرہاد کا قصہ
گہ طارق و محمود کی تلوار جوانی
گہ زور میں ہے دہر کی ہر قید سے باہر
گہ زلف کے پیچوں میں گرفتار جوانی
گہ عفت و عصمت میں ہے یوسفؑ کا نمونہ
گہ جنس مذلت کی خریدار جوانی
میدان وغا، عشق و وفا، جور و جفا میں
کرتی ہے بپا حشر کے آثار جوانی
یارانِ ظفرؔ ملت احمد کے جوانو!
یا حمزہ ہو یا حیدر کرار جوانی

ڈاکٹر راجہ نذیر احمد ظفر

اطلاعات و اعلانات

(نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔)

ایک احمدی استاد کے نمایاں اوصاف

ایک احمدی استاد (مرد و خواتین) کے مندرجہ ذیل نمایاں اوصاف ہونے چاہئیں۔

☆ اپنے اور اپنے کام کیلئے نیز اپنے طلبہ کیلئے باقاعدگی سے دعا کی جائے۔

☆ طلبہ سے اس قسم کا ذاتی تعلق پیدا کیا جائے کہ وہ محسوس کرنے لگیں کہ استاد کو ان کی تعلیم و تربیت میں غیر معمولی دلچسپی اور ہمدردی ہے۔

☆ ہر طالب علم کو انفرادی طور پر چیک کیا جائے۔

☆ طالب علم کو اس کے نام سے مخاطب کیا جائے۔

☆ طلبہ میں اجتماعی کام کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے اور اس بات کا احساس دلایا جائے کہ یہ کام طالب علم کی تربیت کیلئے بہت ضروری ہے۔

☆ طلبہ سے گفتگو کرتے وقت ان کی عزت و وقار کا خیال رکھا جائے۔

☆ طلبہ کی تلخ باتوں کو صبر سے سنا جائے اور حکمت سے ان کی راہنمائی کی جائے۔

☆ Favouritism سے پرہیز کیا جائے۔

☆ طلبہ سے جو وعدہ کیا جائے اس کو پورا کیا جائے۔

☆ طلبہ کی ہم نصابی سرگرمیوں مثلاً تقاریر، کھیل وغیرہ میں دلچسپی کا اظہار کیا جائے۔

☆ طلبہ کے والدین سے بھی ذاتی رابطہ رکھا جائے اس سے طالب علم کے مسائل سمجھنے میں آسانی ہوگی نیز مستقبل میں بھی راہنمائی کرنے میں مدد ملے گی۔

☆ پڑھائی میں کمزور طلبہ استاد کی خصوصی شفقت اور حوصلہ افزائی سے ہمیشہ بہتری کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

☆ بدنی سزا دینے سے اجتناب کیا جائے اور اپنے طرز عمل اور نمونہ سے طلبہ کو ڈسپلن کیا جائے۔

☆ اپنا طرز عمل اس طرح رکھا جائے کہ طلبہ اس کو Role Model کے طور پر اپنا سکیں۔

(نظارت تعلیم)

ولادت

مکرم محمد اسلم باجوہ صاحب صدر جماعت چک نمبر 33 جنوبی سرگودھا تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم وجاہت اسلم صاحب باجوہ حال ٹورانٹو (کینیڈا) کو مورخہ 31/اگست 2005ء کو اللہ تعالیٰ نے چار بیٹیوں کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ بیٹا وقف نو میں شامل ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولود کا نام محمد صباحت عطا فرمایا ہے نومولود کے نیک صالح ہونے اور درازی عمر کیلئے درخواست دعا ہے۔

دعائے مغفرت

☆ مکرم شیخ مقبول احمد امینی صاحب دارالنصر غربی حلقہ اقبال تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بڑے بھائی مکرم ظفر علی صاحب نور ولد مکرم عبدالرحیم صاحب امینی جن کا بریڈفورڈ انگلینڈ میں دل کا آپریشن ہوا تھا۔ آپریشن کے چار دن بعد دل میں خون جمنے کے باعث دوبارہ آپریشن کیا گیا۔ لیکن جانبر نہ ہو سکے 16 ستمبر 2005ء اپنے مولیٰ حقیقی سے جا ملے۔ واضح رہے کہ 4/اپریل 1988ء کو گمبٹ ضلع خیرپور میرس سندھ میں ان پر دہشت گردوں نے حملہ کیا تھا۔ بائیں بازوں پر فائر لگا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے جان بچالی تھی۔ بھائی صاحب بلا امتیاز مذہب و ملت ہر انسان کی خدمت کے لئے کوشاں رہے۔ مورخہ 20 ستمبر کو مرحوم کی تدفین بریڈفورڈ میں احمدیہ قبرستان میں ہوئی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

درخواست دعا

☆ مکرم ضمیر احمد ندیم صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے نسبتی بھائی مکرم مبارک احمد صاحب ٹرک مکینک دارالنصر شرقی ربوہ ٹانگ میں شدید درد کی وجہ سے صاحب فراش ہیں احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ کامل شفاء عطا کرے۔ آمین

مکرم مرزا عزیز احمد صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور عمر 94 سال بے حد کمزور ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم وزیر علی صاحب سندھ حال لاہور تحریر کرتے ہیں کہ مکرم مشتاق احمد کھرل صاحب آف سندھ آسٹریلیا کے ہسپتال میں داخل ہیں ان کے دل کے دو والو بند ہیں مشتاق احمد کھرل صاحب بہت اچھے داعی الی اللہ ہیں سندھ میں کام کرتے تھے اسیر راہ مولیٰ بھی رہ چکے ہیں ان کی مکمل شفایابی کیلئے دردمندانہ دعا کی درخواست ہے۔

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم ملک مبشر احمد یاور اعوان صاحب ربوہ میں بطور نمائندہ الفضل توسیع اشاعت الفضل، وصولی چندہ الفضل، بقایا جات اور اشتہارات کیلئے مقرر ہیں۔ تمام احباب جماعت کی خدمت میں تعاون کی درخواست ہے۔ (مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ کا دورہ ڈنمارک 4

بیت نصرت جہاں کا جائزہ اور ٹی وی چینل کو انٹرویو

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

6 ستمبر 2005ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الرشید ہمبرگ میں نماز فجر پڑھائی۔

آج پروگرام کے مطابق ہمبرگ جرمنی سے کوپن ہیگن (Copenhagen) ڈنمارک کے لئے روانگی تھی۔ احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد اپنے پیارے آقا کو الوداع کہنے کے لئے صبح سے ہی بیت الرشید میں جمع ہونی شروع ہوگئی تھی۔

دس بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ حضور انور کی آمد سے قبل روانگی کی تیاری مکمل ہوچکی تھی۔

حضور انور نے دعا کروائی اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سبھی احباب کو السلام علیکم کہا اور قافلہ بیت الرشید ہمبرگ سے ڈنمارک کے لئے روانہ ہوا۔

ہمبرگ سے کوپن ہیگن (ڈنمارک) کا فاصلہ 450 کلومیٹر ہے۔ ہمبرگ سے براستہ Keil ڈنمارک کے بارڈر کی طرف سفر شروع ہوا۔ گیارہ بجکر بیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے Flensberg کے مقام پر جرمنی ڈنمارک کا بارڈر کراس کیا اور ڈنمارک کی حدود میں داخل ہوئے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم پہلی بار ڈنمارک کی سرزمین پر پڑے۔ بارڈر سے چند کلومیٹر آگے پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق مکرم عبدالباسط صاحب امیر جماعت ڈنمارک، مکرم نعمت اللہ بشارت صاحب مربی انچارج ڈنمارک اور صدر صاحب انصار اللہ و صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ ڈنمارک نے مجلس عاملہ کے چند ممبران اور خدام کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کیا۔ یہ احباب کوپن ہیگن سے 290 کلومیٹر کا سفر طے کر کے یہاں پہنچے تھے۔ حکومت کی انتظامیہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی سیکیورٹی کے لئے دو پولیس گارڈ مہیا کئے ہیں جو ڈنمارک کے پورے دورہ میں حضور انور کے ساتھ رہیں گے۔ یہ دونوں پولیس گارڈ بھی اپنی سپیشل گاڑی میں کوپن ہیگن سے 290 کلومیٹر کا سفر طے کر کے بارڈر پر حضور انور کو Receive کرنے کے لئے آئے تھے۔

ہمبرگ جرمنی سے یہاں ڈنمارک کے بارڈر تک مکرم حیدر علی ظفر صاحب نائب امیر و مربی انچارج نیشنل جنرل سیکرٹری جماعت جرمنی، لوکل امیر ہمبرگ اور صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی خدام کی ایک ٹیم کے ساتھ حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے ساتھ آئے تھے۔ ان سبھی احباب نے یہاں سے پروگرام کے مطابق واپس جانے کی اجازت چاہی۔ حضور انور نے ان سب کو شرف مصافحہ بخشا۔ ڈنمارک سے استقبال کے لئے آنے والے وفد نے بھی حضور انور سے مصافحہ کرنے کی سعادت حاصل کی۔

گیارہ بجکر چالیس منٹ پر یہاں سے کوپن ہیگن کے لئے روانگی ہوئی۔ پولیس کی کار حضور انور کی کار کے آگے تھی۔ دوران سفر سوا ایک بجے کے قریب راستہ میں Storebelt کے علاقہ میں Kundborg کے مقام پر رکے۔ یہاں سمندر کے کنارے ایک ریسٹورنٹ میں جماعت نے چائے اور ریفریشمنٹ وغیرہ کا انتظام کیا ہوا تھا۔ یہاں سے دو بجے آگے روانگی ہوئی۔ یہاں سے روانہ ہوتے ہی اس پل پر گزرے جو سمندر پر تعمیر کیا گیا ہے اور یہ دنیا میں دوسرا لمبا ترین پل ہے اس کی لمبائی 28 کلومیٹر ہے اور یہ سارا سمندر پر تعمیر ہوا ہے۔ دنیا کا سب سے لمبا ترین پل جاپان میں ہے جس کی لمبائی 29 کلومیٹر ہے۔

تین بجکر پچیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ورود مسعود بیت نصرت جہاں کوپن ہیگن میں ہوا۔ احباب جماعت مرد و خواتین اور بچوں نے حضور انور کا استقبال کیا۔ بچیوں نے استقبالیہ نغمات پیش کئے۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔ نیشنل مجلس عاملہ کے ممبران نے حضور انور سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔ ان استقبالیہ لمحات کی فلم بندی اور رپورٹنگ کے لئے ملکی میڈیا بھی موجود تھا۔

اس کے بعد پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔ حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ امیر صاحب ڈنمارک نے ڈنمارک کا قومی پرچم لہرایا۔ بعد ازاں حضور انور نے دعا کروائی۔ اس کے بعد حضور انور خواتین کے حصہ کی طرف تشریف لے گئے۔ بیت الذکر کے بالمقابل گیسٹ ہاؤس کے بیرونی لان میں مارکی لگا کر لجنہ کے لئے انتظام کیا گیا تھا۔ خواتین نے نعرے لگاتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا اور شرف زیارت حاصل کیا۔ ڈنمارک جماعت کے بہت سے مرد و خواتین، بچے بوڑھے ایسے ہیں جنہوں نے پہلی دفعہ حضور انور کا دیدار کیا ہے۔ آج کا دن جماعت ڈنمارک کے لئے بہت بابرکت اور خوشی و مسرت کا دن ہے۔ حضور انور کے مبارک قدم پہلی مرتبہ اس سرزمین پر پڑے ہیں۔ اللہ یہ سعادت اس جماعت کے لئے مبارک فرمائے۔

اس استقبالیہ پروگرام کے بعد حضور انور مشن ہاؤس کے اندر تشریف لے آئے جہاں ملکی نیشنل ٹی وی TV2 کے نمائندہ اور نیشنل اخبار Jyllands Posten کے نمائندہ نے حضور انور سے انٹرویو کیا۔

ڈنمارک آمد کے بارہ میں ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ سویڈن میں سکینڈے نیوین ممالک کی کانفرنس ہو رہی ہے۔ وہاں جاتے ہوئے راستہ میں یہاں ٹھہرا ہوں۔ یہاں اپنی کمیونٹی کے ممبران سے ملوں گا اور جائزہ لوں گا کہ وہ کس طرح رہ رہے ہیں۔ احمدی لوگ قانون کے پابند ہیں۔ یہاں دوران قیام جمعہ بھی ادا کیا جائے گا اور نمازیں ادا کی جائیں گی۔ جماعت کے ممبران سے باتیں ہوں گی اور ان کا روحانی معیار بلند ہوگا۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ جو بھی قرآن کریم کی تعلیمات ہیں ہم ان پر عمل پیرا ہیں۔ خدا تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اور اس کی مخلوق سے، بنی نوع انسان سے محبت رکھتے ہیں۔ ہم امن کے قیام کے لئے کوشاں ہیں۔ ہم امن و سلامتی کا پیغام دیتے ہیں۔

حضور انور نے ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ شریعت یہ بتاتی ہے کہ ایک خدا پر ایمان لاؤ اور اس کی عبادت کرو، قانون کی پابندی کرو، ایک دوسرے سے محبت سے پیش آؤ، مخلوق خدا سے محبت کرو۔

ایک سوال کے جواب پر حضور انور نے فرمایا کہ مذہب میں کوئی جبر نہیں ہے۔ دین ہرگز تلوار کے ذریعہ یا بزور طاقت نہیں پھیلا۔ ہم لوگوں کے دل جیتتے ہیں اور محبت سے جیتتے ہیں۔ ہمارا سلوگن ہے ”محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں“۔ حضور انور نے انٹرویو لینے والے کو فرمایا کہ ایک دن تمہارا دل بھی جیتیں گے۔ صرف تمہارا نہیں بلکہ دوسرے لوگوں کا بھی۔

حضور انور نے فرمایا ہم ہر شخص کا دل محبت سے جیتیں گے۔ یہ ہمارا اصل مقصد ہے۔ اگرچہ ہماری پراگرس زیادہ نہیں۔ چند سال قبل ہماری جماعت پچاس ملکوں میں تھی۔ اب 180 سے زائد ممالک میں جماعت قائم ہوچکی ہے اور تعداد میں بہت بڑھ رہے ہیں اور انشاء اللہ ایک دن ہم اکثریت میں ہوں گے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ ڈنمارک میں میرا یہ پہلا وزٹ ہے۔ میرا پیغام یہ ہے کہ خدا کے قریب آئیں اس کے سامنے جھکیں۔ یہی تمام مسائل کا حل ہے اور آپ اپنی ذمہ داری ادا کر سکتے ہیں۔ اپنے مذہب کی اصل تعلیم پر لازمی عمل کریں۔

آخر پر حضور انور نے پریس کے نمائندگان کو کہا کہ جو کچھ میں نے کہا ہے وہی پریس میں آئے۔ اپنے الفاظ میں اس میں کوئی تبدیلی نہ کریں۔

قریباً پندرہ بیس منٹ کے اس انٹرویو کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ حضور انور کا قیام بیت نصرت جہاں سے ملحقہ مشن ہاؤس کے رہائشی حصہ میں ہے۔

ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت نصرت جہاں میں ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے بیت نصرت جہاں کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور نے منتظمین سے فرمایا کہ بیت کی بیرونی چھت کو صاف کیا جائے اور جو اس کا اپنا رنگ ہے وہ کروایا جائے۔ بیت نصرت جہاں کی چھت گنبد نما ہے اور گول ہے۔ اس کی تعمیر اور چھت کے بیرونی حصہ کی تبدیلی کے بارہ میں حضور انور نے مختلف امور دریافت فرمائے۔ بیت کے وزٹ کے بعد حضور انور بیت کے اردگرد کے علاقہ میں سیر کے لئے تشریف لے گئے۔

سوا چھ بجے حضور انور سیر سے واپس تشریف لائے اور لجنہ کی مارکی میں تشریف لے گئے۔ جہاں بچیوں نے کورس کی شکل میں دعائیہ نظمیں اور استقبالیہ نغمات پیش کئے۔ حضور انور قریباً بیس منٹ کے لئے یہاں تشریف فرما رہے۔ اس دوران بچیاں نظمیں پڑھتی رہیں اور خواتین شرف زیارت سے فیضیاب ہوئیں۔ اس کے بعد حضور انور نے لجنہ کی عمارت کا معائنہ فرمایا۔ بعد ازاں حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں جو ساڑھے آٹھ بجے تک جاری رہیں جماعت کوپن ہیگن کی 23 فیملیز کے 91 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا اور تصاویر بھی بنوائیں۔

ملاقاتوں کے بعد حضور انور نے بیت نصرت جہاں کوپن ہیگن میں مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ڈنمارک کے نیشنل ٹی وی TV2 کے نمائندہ نے حضور انور کا جو انٹرویو لیا تھا وہ شام سات بجے کی نیشنل نیوز میں نشر کیا گیا۔ خبروں میں بتایا گیا کہ آج جماعت احمدیہ کے امام ڈنمارک پہنچے ہیں۔ انہوں نے ڈنمارک کی سب سے پہلی بیت الذکر کا وزٹ کیا۔ خبروں میں حضور انور کی تصویر دکھائی گئی۔ حضور انور کا قافلہ بیت الذکر پہنچتے ہوئے دکھایا گیا۔ احباب جماعت کے استقبال کے مناظر اور بچیوں کو خوبصورت لباس میں ملبوس استقبالیہ نغمات پڑھتے ہوئے بھی دکھایا گیا۔ پرچم کشائی کی تقریب بھی دکھائی گئی۔ بیت نصرت جہاں کی ابتدائی تصاویر دکھائی گئیں جن میں یہ بیت

زیر تعمیر ہے اور ابھی بن رہی تھی۔

حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ اور آپ کے جانشینوں کی تصاویر بھی دکھائی گئیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے انٹرویو کے بعض حصے دکھائے گئے جن میں حضور نے امن کا پیغام دیا تھا اور بنی نوع انسان اور مخلوق خدا سے محبت کی تعلیم دی تھی۔

جماعت کی ترقی کے بارہ میں حضور انور کے انٹرویو کے حوالہ سے بتایا گیا کہ چند سال قبل یہ جماعت پچاس ممالک تک پھیلی تھی۔ اب 180 سے زائد ممالک میں اس جماعت کا قیام عمل میں آچکا ہے۔

خدام، انصار اور لجنہ کے Comments دکھائے گئے کہ آج کا دن ہمارے لئے بہت خوشی و مسرت کا دن ہے اور بہت بڑا دن ہے۔ ہمارے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ حضور انور ہمارے ہاں آئے ہیں۔ خبروں میں حضور انور کے آئندہ پروگراموں کے بارہ میں بھی بتایا گیا کہ آرچ بشپ سے ملیں گے، منسٹر آف Integration سے ملاقات کریں گے اور ہوٹل میں منعقد ہونے والے سمپوزیم میں شرکت کریں گے۔

نیشنل TV پر جس طرح حضور انور کی آمد، استقبال اور پروگرام اور دیگر امور کے بارہ میں تفصیل سے خبر آئی ہے اس طرح پہلے کبھی نہیں آئی۔ اللہ کے فضل سے ڈینش میڈیا نے کھلے دل کے ساتھ حضور انور کو خوش آمدید کہا ہے۔

ڈنمارک میں جماعت کے مشن کی ابتداء ستمبر 1958ء میں ہوئی جب سید کمال یوسف صاحب مربی سلسلہ سویڈن سے پہلی مرتبہ ڈنمارک پہنچے۔ اس وقت جماعتی تنگدستی کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے لوگوں سے لفٹ لے کر اپنا سفر مکمل کیا۔ کچھ دیر یوتھ ہوسٹل میں رہے۔ بعد میں فیملی گیسٹ کے طور پر مختلف مکانوں میں رہے۔

ڈنمارک کے پہلے مقامی احمدی عبدالسلام صاحب میڈسن ہیں۔ انہوں نے 1958ء میں بیعت کی۔ انہوں نے قرآن کریم کا ڈینش زبان میں ترجمہ کیا اور اعزازی مربی کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔

ڈنمارک کے دارالحکومت کوپن ہیگن میں سکینڈے نیویا کی سب سے پہلی بیت نصرت جہاں کا سنگ بنیاد 6 مئی 1966ء کو رکھا گیا۔ صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب نے مکرم چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب، چوہدری عبداللطیف صاحب مربی جرمنی، بشیر احمد رفیق صاحب مربی انگلستان کی معیت میں بیت مبارک قادیان کی اینٹ جو کہ حضرت امام جماعت ثانی نے پہلے سے ہی بھجوائی ہوئی تھی، سے سنگ بنیاد رکھا۔

خواتین نے اس بیت کی تعمیر کے لئے مالی قربانیاں پیش کیں اور یہ بیت خواتین کے چندوں سے تعمیر کی گئی۔ اس کا نام حضرت اماں جان کے نام پر بیت نصرت جہاں رکھا گیا۔

بیت کے آرکیٹیکٹ کا نام Mr. John Zacharissen ہے۔ یہ بیت فن تعمیر کے لحاظ سے منفرد حیثیت کی حامل ہے اور اس بہترین نمونے نے پورے ڈنمارک میں شہرت حاصل کی۔

حضرت امام جماعت ثالث نے اپنے پہلے دورہ ڈنمارک میں 21 جولائی 1967ء کو بیت نصرت جہاں کا افتتاح فرمایا۔

مکرم میر مسعود احمد صاحب مربی انچارج ڈنمارک نے انتہائی مشکل حالات کے باوجود جگہ کی تلاش اور حصول میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ اس بیت کی تعمیر پر مجموعی طور پر پانچ لاکھ روپے لاگت آئی۔ یہ تمام رقم احمدی خواتین نے صدر لجنہ مرکزیہ حضرت سیدہ ام متین مریم صدیقہ صاحبہ کی نگرانی میں اکٹھی کی۔ اکثر نے اپنے سارے کے سارے زیور چندہ میں دے دیئے۔ ابتداء میں رقم کا اندازہ دو لاکھ تھا پھر تعمیر کے ساتھ ساتھ یہ اخراجات بڑھتے بڑھتے پانچ لاکھ روپے تک پہنچ گئے۔ لجنہ نے یہ ساری رقم پوری کردی۔ بیت نصرت جہاں ان بیوت میں سے ایک ہے جو خالصۃً خواتین نے اپنے چندوں سے تعمیر کی ہیں۔

مبشر احمد خالد صاحب

جماعت کے دیرینہ خادم اور واقف زندگی

محترم میر عبدالرشید تبسم صاحب کی یاد میں

ہمارے ایک بہت ہی پیارے واقف زندگی بھائی مکرم میر عبدالرشید تبسم صاحب مربی سلسلہ اگست 2005ء میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوگئے ہیں۔

مکرم میر صاحب بہت ہی خلیق، ملنسار، خاکسار اور دیگر بہت ساری خوبیوں کے مالک تھے۔ آپ کو جہاں بھی بطور مربی سلسلہ خدمت کی توفیق ملی وہاں آپ اپنے پیچھے اچھی یادیں اور نیک اثر چھوڑ آئے۔

مکرم میر صاحب کو تقریباً 37 سال تک بطور مربی سلسلہ اندرون و بیرون ملک خدمت سلسلہ کی توفیق ملی۔ آپ نے ہر جگہ بلا استثناء بڑی کامیابی اور خوش اسلوبی سے اپنے مربیانہ فرائض سرانجام دیئے اور جماعت کی نیک نامی کا باعث بنے۔ مجھے پاکستان کے ایسے متعدد شہروں اور جماعتوں میں جانے کا موقع ملا ہے جہاں آپ کی بطور مربی سلسلہ پوسٹنگ رہی۔ میں نے تقریباً ہر جگہ آپ کی تعریف سنی۔ آپ کو کچھ عرصہ بطور مربی ضلع شیخوپورہ کام کرنے کی توفیق ملی۔ جس کے کئی سال بعد خاکسار کو بھی اگست 1986ء تا ستمبر 1989ء ضلع شیخوپورہ کے دوسنٹرز نارنگ منڈی اور مریدکے منڈی میں بطور مربی سلسلہ خدمت کا موقع ملا۔ اس وقت تک مکرم میر صاحب سے میری بالمشافہ ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ میں نے ضلع شیخوپورہ کی جماعتوں میں آپ کی بہت تعریف سنی۔ خاص طور پر مکرم چوہدری انور حسین صاحب مرحوم امیر ضلع شیخوپورہ کے ساتھ جب کبھی مجلس ہوتی تو آپ اکثر مکرم میر صاحب مرحوم کی خوبیوں کا ذکر کرتے جس سے میرے دل میں مکرم میر صاحب سے ملاقات کی خواہش پیدا ہوتی۔ مریدکے منڈی ضلع شیخوپورہ سے جب میرا تبادلہ النور سوسائٹی کراچی میں ہوا تو چند ماہ بعد جلسہ سالانہ ضلع لاڑکانہ کے موقع پر پہلی دفعہ میر صاحب سے بالمشافہ ملاقات ہوئی اور باہمی تعارف ہوا۔ لاڑکانہ میں تقریباً دو روز تک ہمیں اکٹھے رہنے کا موقع ملا۔ آپ کی تقاریر اور درس بھی سننے کا موقع ملا نیز باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت بھی ہوتی رہی۔ آپ کی زبان میں بڑی مٹھاس اور تاثیر نظر آتی تھی۔ ہر کس و ناکس کے ساتھ معانقہ کرتے ہوئے خندہ پیشانی کے ساتھ ملنا آپ کا ایک نمایاں وصف تھا۔

لاڑکانہ میں آپ کے ساتھ بڑا اچھا وقت گزرا۔ واپسی پر کوٹری تک بذریعہ ٹرین ہمیں اکٹھا سفر کرنے کا بھی موقع ملا۔ آپ کی ہمراہی میں سفر بڑا اچھا گزرا۔ کوٹری سے آپ حیدرآباد چلے گئے جہاں ان دنوں آپ کی پوسٹنگ تھی اور خاکسار وہاں سے واپس کراچی چلا گیا۔

کراچی میں کچھ عرصہ کے بعد میرا تبادلہ نظارت دعوت الی اللہ میں ہوگیا۔ جس کے تحت کراچی کے علاوہ اندرون سندھ کے بعض اضلاع میں بھی دعوت الی اللہ کے کام کی نگرانی میرے سپرد ہوئی۔ چنانچہ اپنے سپرد اندرون سندھ کے اضلاع میں دعوت الی اللہ کے کام کا جائزہ لینے کے لئے جب میں پہلی دفعہ دورہ پر حیدرآباد آیا تو وہاں مکرم میر صاحب بڑے عزت و احترام کے ساتھ پیش آئے اور وہاں قیام کے دوران ذاتی طور پر میری ضیافت کا انتظام کیا اور بہت زیادہ اپنائیت کا سلوک کیا۔ وہاں قیام کے دوران میں نے محسوس کیا کہ مکرم امیر صاحب ضلع کو آپ پر بہت اعتماد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو حیدرآباد میں قریباً 8 سال تک بطور مربی سلسلہ خدمت کا موقع ملا۔ آپ مجھ سے بہت زیادہ سینئر تھے مگر اس کے باوجود آپ نے اس عاجز کو بہت زیادہ عزت و احترام دیا اور ہر معاملے میں عاجزی و انکساری کا ثبوت دیا۔ یہ میری مکرم میر صاحب سے دوسری ملاقات تھی اس کے بعد کراچی، حیدرآباد اور مرکز میں گاہ بگاہ ملاقات ہوتی رہتی تھی۔ آپ ہر دفعہ بڑے پرتپاک طریق سے اور اپنائیت کے ساتھ پیش آتے جس کا طبیعت پر بڑا اچھا اثر پیدا ہوتا تھا۔

حیدرآباد، کراچی، بہاولپور، راولپنڈی اور اٹک میں خدمات سلسلہ بجالانے کے بعد آپ کا تبادلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کے تحت بطور انچارج شعبہ اصلاحی کمیٹی ربوہ میں ہوگیا۔

آپ نے خدا کے فضل سے شعبہ اصلاحی کمیٹی میں بڑی عمدگی کے ساتھ کام کیا۔ دفتر کے تمام مربیان و کارکنان کے ساتھ آپ کا دوستانہ و محبانہ تعلق وسلوک رہا۔ بعض اصلاحی معاملات کے پیش نظر آپ کے ساتھ متعدد بار ربوہ سے باہر بھی دوروں پر جانے کا موقع ملا۔

آپ کے ساتھ ہر دورہ بڑا کامیاب اور دلچسپ ثابت ہوا۔ آپ مشکل سے مشکل اور پیچیدہ معاملات کو بھی بڑی حکمت عملی اور خوبصورتی سے سلجھانے میں کامیاب ہوجاتے تھے۔ اس طرح مجھے آپ سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ آپ کی ایک اور نمایاں خوبی یہ تھی کہ آپ کے مزاج میں کوئی تصنع اور بناوٹ نہ تھی۔ آپ کے پاس ایک پرانی سی ذاتی گاڑی تھی۔ اسی گاڑی پر ہم جماعتی دورے بھی کیا کرتے تھے۔ دوران سفر ایک دفعہ میں نے مکرم میر صاحب سے کہا کہ میر صاحب اب یہ گاڑی بہت پرانی اور بوڑھی ہوگئی ہے۔ لہٰذا اب آپ اسے بیچ کر کوئی نئی گاڑی خرید لیں۔ جس کے جواب میں آپ نے فرمایا کہ یہ گاڑی میں نے غانا سے پاکستان واپس آنے کے بعد خریدی تھی اور اس وقت سے یہ گاڑی میرے پاس ہے اور جس ضرورت اور مقصد کے تحت میں نے یہ گاڑی خریدی تھی وہ چونکہ خدا کے فضل سے پورا ہورہا ہے۔ اس لئے نئی گاڑی خریدنے کی میں ضرورت محسوس نہیں کرتا چنانچہ وفات تک وہ گاڑی آپ کے زیر استعمال رہی۔

کچھ عرصہ قبل ربوہ میں آپ نے اپنا ذاتی مکان تعمیر کیا۔ جس کی خوشی میں آپ نے نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ کے جملہ کارکنان و مربیان کی دعوت بھی کی۔ آپ کے اس مکان پر میں نے بغیر ضرورت کے کوئی چیز لگی ہوئی نہیں دیکھی یا جس میں محض نمود و نمائش کا پہلو نکلتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ میرے اندازے سے بہت کم پیسوں میں آپ نے اپنا مکان تعمیر کرلیا۔ وفات سے کچھ عرصہ قبل حضور انور نے آپ کا تقرر بطور نائب ناظر اصلاح وارشاد منظور فرمایا۔ نائب ناظر بن جانے کے بعد بھی آپ کا سلوک ہمارے ساتھ دوستانہ و برادرانہ رہا۔ مگر افسوس کہ بطور نائب ناظر آپ کو خدمت کا بہت کم موقع ملا۔ کیونکہ اس منصب پر فائز ہونے کے چند ہفتے بعد آپ کی صحت خراب ہونے لگی اور ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی''۔ تقریباً دو ماہ بیمار رہنے کے بعد مورخہ 22,21 راگست کی درمیانی رات کو تقریباً پونے دو بجے بعمر 61 سال آپ اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہوگئے۔ آپ نے آخر دم تک بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ اپنے عہد وقف کو نبھایا اور ایک کامیاب مربی کے طور پر زندگی گزار دی۔

اللہ تعالیٰ آپ کی خدمات کو قبول فرمائے اور آپ کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس کے اعلیٰ مقامات میں جگہ عطا فرمائے۔ آپ کے بزرگ والدین، بیوی بچوں اور جملہ پسماندگان کو اس عظیم صدمہ کو برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

نئی دنیا کی سیر اور بعض تجربات و مشاہدات

امریکہ کے سفر کی روداد جس میں تجربات اور دلچسپ معلومات بھی ہیں

قسط اول

خاکسارہ کو 1999ء میں امریکہ جانے اور سیر کرنے کا موقع ملا۔ میں 5 ستمبر کو لاہور سے روانہ ہوئی اور فلائٹ بنکاک اور ٹوکیو سے ہوتی ہوئی لاس اینجلس پہنچی جو ریاست کیلیفورنیا میں ہے۔

کیلیفورنیا کا وقت پاکستان سے 12 گھنٹے اور سردیوں میں تیرہ گھنٹے پیچھے ہوتا ہے۔ پاکستان میں اس وقت رات کے دس بجے ہوں گے۔ آدھ گھنٹہ بعد مسافروں کو جہاز سے نکلنے کی اجازت دی گئی۔ جہاز کے اندر سے ہی امریکہ کا پہلا ویو مجھے کچھ زیادہ اچھا نہیں لگا۔ ٹوکیو اور بنکاک پہ لینڈ کرتے وقت ایک وسیع وعریض شہر کا احساس ہوتا تھا۔ بہت بلندی سے بڑے پلازے، عمارتیں، پارک اور سڑکوں پہ چلتی ہوئی ٹریفک مدہم سی نظر آنے لگتی تھی۔ اور زمین کے قریب آتے ہوئے یہ سب کچھ زیادہ واضح ہو جاتا تھا۔ رات کی روشنیوں میں شہر کی وسعت بہت دور سے عیاں ہونے لگتی تھی۔ لیکن لاس اینجلس ایئرپورٹ کا پہلا نظارہ ایک بیابان جنگل کی طرح کا تھا۔ اونچی پہاڑیاں جن کے اوپر خشک لمبا اور ہلکا گھاس عجیب منظر پیش کر رہا تھا۔ امریکیوں کا کہنا تھا کہ یہ موسم خزاں ہے۔ ورنہ بہار میں یہ پہاڑیاں سرسبز ہوتی ہیں۔ دراصل امریکہ رقبہ کے لحاظ سے اتنا وسیع ہے کہ گنجان آباد نہیں ہے۔ عام گھر بھی بہت بڑے ہیں۔ خواہ بلڈنگ درمیانی وسعت کی ہو لیکن اردگرد ایریا بہت زیادہ ہوتا ہے۔ عام شہروں میں گھروں کے فرنٹ اتنے وسیع ہیں کہ آمنے سامنے کے گھر بہت دور دور نظر آتے ہیں۔ ہمارے موٹروے سے بھی زیادہ چوڑی شہر میں عام سڑکیں، دونوں اطراف کافی چوڑے فٹ واک پھر گھروں کے چار دیواری کے بغیر بہت کھلے لان۔ پارکنگ پھر بعد میں بلڈنگ۔ بعض علاقوں میں گھر بھی دور دور۔ یہ بات کیلیفورنیا کی ہے۔

امیگرینٹس

امریکہ میں رہنے والوں کا کہنا ہے۔ America is a country of Immigrants. اور یہ بات ہے بھی درست۔ یہاں ہر قوم اور ملک کے باشندے نظر آتے ہیں، کورین، جاپانی، چینی، لبنانی، تائیوانی، ایرانی، افغانی، فلسطینی، میکسیکن، انڈین، افریقی، ہسپانوی اور پاکستانی۔ غرض بے شمار قومیں وہاں موجود ہیں۔ وہاں بزنس زیادہ تر غیر ملکیوں کے ہاتھ میں ہی ہے۔ خود سفید فام اصل امریکی زیادہ تر کرسیوں پہ ہیں یعنی سرکاری عہدے امریکیوں کے پاس ہیں۔

لاس اینجلس کے بڑے بڑے تجارتی مراکز میں بڑے سٹور کورین عورتیں چلا رہی ہیں۔ ان کے مرد اپنے ملک سے باہر سامان سپلائی کرتے ہیں، کورین مختصر جسامت کی قوم لیکن تیز رفتار اور ہوشیار۔ لاس اینجلس کے بزنس پہ یہ مختصر قد وقامت کی عورتیں ہی چھائی نظر آتی ہیں۔ ہزاروں ڈالر روزانہ کماتی ہیں۔ بہت بڑی بڑی ویز اکیلی دھان پان ذرا ذرا سی لڑکیاں بے خوف وخطر برق رفتاری سے لئے پھرتی ہیں۔ وہاں زیادہ تر بس اور ٹرک بھی لڑکیاں ہی چلاتی ہیں۔ خاص طور پر بچوں کی سکول بس کی ڈرائیور خواتین ہی ہوتی ہیں۔

کپڑے کا سارا بزنس ایرانیوں کے ہاتھوں میں ہے۔ کپڑے کے بے شمار بڑے بڑے سٹور جن کے مالک ایرانی ہی ہیں۔ یہ بہت بڑا کپڑے کا بزنس بھی غالباً غیر ملکی امیگرینٹس کی بنا پر چل رہا ہے۔ کیونکہ امریکیوں کو لوز کلاتھ (کھلے کپڑے) سے کوئی دلچسپی نہیں۔ وہ ان بکھیڑوں کے قابل نہیں کہ پہلے کپڑا خریدیں اور پھر درزیوں سے سلواتے پھریں۔ ان کے لئے امریکہ کے بڑے بڑے سٹور ریڈی میڈ ملبوسات سے بھرے پڑے ہیں۔ مرد وزن بچے بوڑھے ریڈی میڈ ہی پہنتے ہیں۔ جس غیر ملکی کپڑے اور بزنس کا میں ذکر کر رہی ہوں وہ پرانا لاس اینجلس جسے ڈاؤن ٹاؤن کہا جاتا ہے میں ہے۔ اس میں غیر ملکی ہی بیچنے والے اور غیر ملکی ہی خریدنے والے ہیں۔ مقامی سفید فام امریکی بہت کم نظر آتے ہیں۔

یہاں ایرانی مارکیٹ میں ایک دفعہ کپڑے کے ایک بہت بڑے سٹور پہ میں نے کالج میں پڑھی ہوئی اپنی فارسی دانی کے زعم میں ایک کپڑے کی قیمت فارسی میں پوچھ لی۔ چہ دام است اس نے کوئی قیمت بتائی جو مجھے زیادہ لگی۔ میں نے کہا گراں است۔ اس نے یہ خیال کر کے کہ مجھے فارسی آتی ہے جواباً ارزاں، ارزانی ارزانی کرتے ہوئے جس رفتار اور لہجہ میں فارسی بولنی شروع کی کہ میں بے بس ہو کے رہ گئی اور میرے پلے حیرانی کے سوا کچھ نہ پڑا۔ ناچار اپنی دیسی انگلش میں بات شروع کر دی۔ پاس کھڑی میری بہن مسکراتی ہوئی کن اکھیوں سے مجھے دیکھ رہی تھی۔

وہاں مارکیٹس میں پھرتے ہوئے ہمارا برقع دیکھ کر اکثر لوگ ہم سے پوچھتے۔ آپ افغانی ہو۔ یا پھر انڈین سمجھتے۔

میٹرو (Metro)

وہاں ٹرین کو میٹرو کہتے ہیں۔ میٹرو ٹریک، میٹرو لنک، میٹرو سٹاپ، مکمل سفید رنگ میں تین چار بوگیوں پہ مشتمل خودکار ٹرین۔ ویسے امریکہ میں مسافروں کی آمد ورفت کے لئے ٹرین کا استعمال بہت کم ہے۔ خواہ کتنے لمبے فاصلے ہوں لوگ اپنی گاڑیوں میں سفر کرتے ہیں یا پھر ایئر ٹریول عام ہے۔ ایک دفعہ میں نے دیکھا۔ ایک سمت کو جانے والے 15 منٹ میں گیارہ ہوائی جہاز گزرے۔ ہر چھوٹے سے چھوٹے شہر میں ایئرپورٹ موجود ہے۔ شہر کی فضا طیاروں سے بھری رہتی ہے۔ بلکہ بعض اوقات رن وے خالی نہ ہونے کی وجہ سے لینڈ کرنے کے انتظار میں ایک ہی جگہ فضا میں رکے ہوئے طیارے ہوا میں معلق نظر آتے ہیں۔

میٹرو مقامی طور پر چھوٹے سفروں کے لئے کچھ ملازم پیشہ لوگ استعمال کرتے ہوں گے۔ انگلینڈ کا ٹرین ٹیوب سسٹم مشہور ہے۔ لیکن یہاں بھی ٹرین کا بعض جگہوں یعنی کمرشل ایریا میں سٹاپ اور سٹیشن زیر زمین ہے۔ ہالی وڈ کے میٹرو لنک پہ ہمیں تین دفعہ لمبی سیڑھیاں اتر کر زیر زمین جانا پڑا۔ یعنی ایک دفعہ سیڑھیاں اتر کر نیچے گئے وہاں سٹیشن کا کچھ حصہ تھا۔ پھر اور لمبی سیڑھیاں اترے اور نیچے پہنچے۔ لیکن بالکل خالی سنسان اور ویران۔ ٹکٹ لینے کا سارا نظام خودکار، بہت خوبصورت تانبے ٹائپ میٹل کے بیشمار چھوٹے چھوٹے کیبن دیوار میں نصب تھے جن میں رقم ڈالو اور اپنی منزل کا ٹکٹ حاصل کر لو۔ اس کام کے لئے کوئی ملازم وہاں موجود نہیں۔

مختلف جگہوں کے کرایہ کی ایک لسٹ موجود ہے۔ ہمارے وہاں کھڑے کھڑے ٹرین آئی۔ بہت سے افراد اترے اور سوار بھی ہوئے۔ مال گاڑیاں زیادہ تر سفید اور نیوی بلیو کلر میں تھیں۔

ان کے ٹرک جو چوکور مستطیل سفید رنگ کے بڑے کنٹینرز (Container) لگتے تھے۔ ہمارے ٹرکوں کی نسبت بہت زیادہ گنجائش والے۔ دوگنے یا تین گنا ہوں گے۔ سفید رنگ کے علاوہ سٹیل کلر میں بھی ٹرک تھے۔ اس رنگ میں ٹرین اور ٹرک ماحول میں بھاری پن کا احساس پیدا نہیں ہونے دیتے۔

امریکن اقتصادیات

امریکہ میں ہر شعبہ نجی ملکیت میں ہے۔ بینک ہسپتال، پوسٹ آفس غرض ہر طرح کی سماجی اور معاشی خدمات کا کام پرائیویٹ طور پر ہوتا ہے۔ تعلیم کے لئے ضلعی یا مقامی انتظامیہ امداد دیتی ہے۔ سرکاری طور پر کوئی سہولت فراہم نہیں کی جاتی۔ البتہ حکومت تمام اشیائے صرف پر ٹیکس ضرور وصول کرتی ہے۔ عوام دن رات مشین کی طرح کام کرتے ہیں۔ اور ہر شخص کی محنت کا کچھ حصہ حکومت بھی وصول کرتی ہے۔ وہاں عام ضرورت کی چیزوں کی صنعتیں کچھ زیادہ ترقی یافتہ نہیں لگتیں۔ کیونکہ امریکی مصنوعات مارکیٹ میں کم کم اور کافی مہنگی ہوتی ہیں۔ البتہ تمام سٹوروں پہ غیر ملکی مصنوعات زیادہ نظر آتی ہیں اور لوگ زیادہ تر استعمال بھی وہی کرتے ہیں۔ شائد امریکی ایسی ٹیکنالوجی اور مصنوعات میں سپیشلائز کئے ہوئے ہیں جن میں باقی دنیا ابھی کافی پیچھے ہے۔

فری وے

یہاں سڑکوں کا نظام سرکاری طور پر فراہم کردہ ہے اور اس قدر ترقی یافتہ کہ حیرت ہوتی ہے۔ ہمارے موٹروے جتنی چوڑی سات Lanes ایک طرف جاتی اور سات ہی دوسری طرف جاتی ہوئی۔ ایک وقت پانچ گاڑیاں اکٹھی ایک طرف چل سکتی ہیں اور دو طرف ایمرجنسی پارکنگ کی ایک ایک لین۔ بعض جگہوں پر سات سڑکیں اوپر نیچے پہلے زمین پر سڑک پھر اس کے اوپر پھر اس کے اوپر سات مختلف اطراف کو جاتی ہوئی۔ یہ بیرونی سڑکیں جو مختلف شہروں کو آپس میں ملانے والی کہی جا سکتی ہیں۔ امریکہ میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اسے فری وے کہا جاتا ہے جیسے یہاں ہائی وے۔ فری وے اس لئے کہ نہ ان میں سگنل ہے نہ لائٹ۔ برق رفتاری سے بھاگتی ہوئی گاڑیوں سے یہ سڑکیں ہر وقت بھری رہتی ہیں۔ شہروں کی اندرونی سڑکیں بھی ہمارے موٹر وے سے زیادہ ہی چوڑی ہیں۔ گھروں کے پچھواڑے (Ellies) کے درمیان بھی اچھی خاصی صاف ستھری سڑکیں موجود ہیں۔ شہروں میں سڑکوں کے دورویہ بیشمار پھلوں سے لدے ہوئے درخت۔ مثلاً اخروٹ کے درخت، مالٹے اور سنگتروں کا موسم تھا۔ گھروں اور سڑکوں پہ پھلوں سے لدے ہوئے درخت لیکن وہ ان درختوں کا پھل کھاتے نہیں کہ انہیں لیبارٹری میں مزید ٹریٹمنٹ یعنی جراثیم سے سپرے وغیرہ کی ضرورت ہے۔ یہ تو صرف ڈیکوریشن کے لئے ہیں۔ جو پتوں کی طرح گر کر ضائع ہوتے رہتے ہیں۔ کھانے کے قابل نہیں۔

امریکی لباس اور رہن سہن

امریکی خواتین کے ملبوسات میں رنگ نہ ہونے کے برابر ہیں۔ مردوں کا ایک لباس کوٹ پینٹ اور ٹائی تمام قوموں میں مشترک۔ اس لئے ان کی قومیت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ لیکن امریکی خواتین کا عام لباس سفید

شارٹ شرٹ اور مختصر بدرنگ نیوی بلو جینز جو ٹانگوں سے لمبائی سے بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ بعض نوبل قسم کی خواتین جو معزز طبقہ سے تعلق رکھی ہیں اور سرکاری عہدوں پہ فائز ہیں وہ ڈارک براؤن یا آف وائٹ پینٹ کوٹ اور ٹائی کے ساتھ نظر آتی ہیں۔ سیاہ فام خواتین گہرے رنگوں اور بڑے بڑے پرنٹس کے گلابی اور پیلے ڈھیلے ڈھالے گاؤن پہنتی ہیں۔ پاکستانی عورتیں اپنے ہی قومی لباس میں لیکن امریکی خواتین کی طرح بہت ہلکے اور ڈل کلرز۔ ہاں کاروں میں وہ رنگ نظر آتے ہیں جو یہاں کبھی کپڑوں میں بھی نہیں دیکھے۔ بے تحاشہ کلر، ڈیزائن، ماڈل اور سائز۔ امریکہ میں رہنے والوں کی یہ لگژری نہیں ضرورت ہے۔ ہر فیملی کے پاس دو تین کاریں اور ایک بڑی فیملی وین ضروری ہے۔ گھر کا ہر فرد اپنے کام یا تعلیم کے لئے جاتے ہوئے تو اپنی اپنی گاڑی میں جائے گا۔ پوری فیملی نے کہیں لمبے ٹور پہ جانا ہے تو بڑی فیملی وین ضروری ہے۔ کیونکہ وہاں پیدل فاصلوں کا کوئی تصور نہیں۔ کم سے کم فاصلہ بھی دس پندرہ منٹ کی ڈرائیو پہ اور ڈرائیونگ بھی بہت تیز۔ ہاں بعض بہت چھوٹے بچوں کے نرسری سکول واکنگ فاصلوں پہ ہیں۔ جہاں مائیں بچوں کو سکول لاتی اور لے جاتی ہیں۔

موبائل ہوم (متحرک گھر)

وہاں موبائل ہوم کا تصور بھی میرے لئے بالکل نیا تھا۔ کچھ تو موبائل ہوم اس قسم کے ہیں جیسے بہت بڑی بس ان کے اندر چھوٹا سا کچن، واش روم، ٹی وی، فون، بیڈ، کمپیوٹر، غرض فیملی ضرورت کی ہر چیز موجود ہے۔ جب بھی کوئی فیملی (سب تو نہیں صرف امراء) سیر وغیرہ کے لئے جاتی ہے تو اپنے موبائل ہوم میں جاتی ہے۔ فیملی کے لوگ باری باری اسے ڈرائیو کرتے ہیں۔ باقی افراد اس میں گھر کی طرح رہ رہے ہوتے ہیں۔ اگرچہ سفید فام امریکی خاندان تین چار افراد سے زیادہ پہ مشتمل نہیں ہوتے۔ اس بس نما موبائل ہوم کے پیچھے کار بھی لگا دی جاتی ہے کہ بعض جگہوں پہ وہ بڑی بس سفر نہیں کرسکتی تو پھر کار استعمال کی جاتی ہے۔ اور بعض موبائل ہوم (متحرک گھر) اس قسم کے ہیں کہ باقاعدہ ایسے گھروں کی کالونی ہر جگہ ہوسکتی ہے۔ کیلیفورنیا اور امریکہ میں اور جگہوں پہ بھی اکثر گھر اور بڑی عمارتیں لکڑی کی بنی ہوتی ہیں۔ موبائل کالونی میں لکڑی کے مختلف حصوں کو جوڑ کر پورا گھر کھڑا کرلیا جاتا ہے۔ اور جب فیملی کسی اور جگہ دوسرے شہر یا علاقہ میں جاکے رہنا چاہے تو وہ ان پارٹس کو الگ کر کے کسی ٹرک وغیرہ پہ لاد کر اپنی نئی پسندیدہ جگہ جا کر ہی گھر دوبارہ کھڑا کر کے رہائش اختیار کرلیتی ہے۔

امریکی انگلش

امریکی غیر ضروری تکلفات کے قائل نہیں۔ جہاں تک ممکن ہو زندگی کو سہل بنا لیتے ہیں حتیٰ کہ بولنے میں بھی۔ یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ ہیلو کی بجائے کہہ دینا کافی سمجھتے ہیں۔ جس کا مطلب درحقیقت How are you? ہوتا ہے۔ ایک سٹور کا نام Food for less تھا اور لکھا اس طرح ہوا تھا Food 4 less۔ بچوں کے کھلونوں کا ایک سٹور Toys are us لیکن درج تھا Toys R us۔ ان کا لب ولہجہ ہماری مانوس انگلش سے بہت مختلف ہے۔ امریکی A کو A ہی بولتے ہیں۔ یہاں وہ آ بن جاتا ہے۔ مثلاً پاکستان کو پے کس تان کہتے ہیں۔ پاس کو پےءس۔ ہاف کو ہیف Spell کرتے ہیں۔ میں تقریباً چھ ماہ امریکہ میں اپنی بہن کے ہاں قیام پذیر رہی۔ وہ بچوں کے ساتھ مکمل اردو میں بات کرتے ہیں۔ لیکن وہ بچے جو وہاں پیدا ہوئے اور پلے بڑھے۔ اور سکول کی ابھی چھوٹی کلاسوں میں تھے۔ آپس میں انگلش بولتے یا کبھی اپنے والد کے ساتھ انگلش میں بات کرتے تو مجھے کچھ سمجھ نہ آتی۔ اور میں انگلش بولتی تو وہ بچے میری انگلش پہ ہنستے اور آخر تک ایسا ہی رہا۔

معاشرتی قدریں

عام امریکی ''جیو اور جینے دو'' کے اصول پہ عمل کرتے ہیں۔ نہ دوسروں کے معاملات میں دخل اندازی کرتے ہیں نہ اپنے معاملات میں کسی کی مداخلت پسند کرتے ہیں۔ وہ اپنے کام سے کام رکھتے ہیں۔ کوئی کیسے ہی حلیے یا انداز میں وہاں نظر آئے وہ آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے۔ اور دوسروں سے بھی ایسا ہی چاہتے ہیں۔ نظم و ضبط امریکی قوم کی فطرت ثانیہ ہے۔ سٹور پہ آنے والے بہت سے افراد کی منٹوں میں کیو (قطار) بن جاتی ہے۔ ایک شخص کاؤنٹر پر کھڑا ہے۔ دوسرا اس کے پیچھے، تیسرا اس کے پیچھے۔ اگرچہ اس قوم کو وقت کا بہت مسئلہ ہے لیکن کبھی پھلانگ کے دوسرے کے اوپر سے اپنا کام کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ خواہ اگلا شخص فی الحال ایڈریس لکھنے یا ٹکٹ لگانے میں مصروف ہے اور پچھلے شخص نے صرف لیٹر پوسٹ کرنے کے لئے دینا ہے۔ لیکن وہ اپنی باری کا انتظار کرتا ہے۔ تقریباً سب ترقی یافتہ خصوصاً مغربی ملکوں اور قوموں کا یہی انداز ہے۔ انسانی قدروں میں بھی یہ لوگ اتنے ترقی یافتہ ہیں کہ باوجود وقت کی کمی کے کسی کو مشکل میں دیکھیں تو فوراً مدد کو لپکتے ہیں۔ ایک دفعہ ہماری کار عین سڑک کے درمیان خراب ہوگئی۔ اردگرد بھاگتی ہوئی بہت سی کاریں رک گئیں اور کئی لوگ کاروں سے نکل کر Do You need help? کہتے ہوئے ہماری طرف بڑھے۔ البتہ وہاں موجود غیر ملکی ان قدروں سے پہلوتہی کر جاتے ہیں۔

پھول اور اس کا بزنس

ہم تو صرف پھولوں کو دیکھ کر یا ان کی تعریف کر کے خوش ہو لیتے ہیں۔ لیکن وہ لوگ پھولوں کو صحیح قدروقیمت دیتے ہیں۔ پھولوں کا بزنس بہت وسیع اور نفع بخش ہے۔ وہ کسی اور گفٹ کی نسبت تحفہ میں پھول وصول کرنا اور ان پہ پیسے لگانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ پھولوں کے بزنس اور لوازمات کے متعلقہ سٹور ناقابل بیان حد تک وسیع اور پھول سجانے والے عملہ کے افراد خصوصی طور پر تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ اور اس کے بھی کئی معیار ہیں۔ فلاور ارینجمنٹ کا باقاعدہ کورس کرنے کے بعد ہی کہیں جاب مل سکتی ہے۔ دیگر بڑی فصلوں کی طرح مختلف پھولوں کے بڑے بڑے کھیت اور پھر فلاور مارکیٹ میں آنے والے پھولوں کے ٹرک، ایک پھول وہاں دیکھا جس کا نام Bird of Paradize (بہشت کا پرندہ) تھا۔ اس کی شاخوں پہ بڑے بڑے پتے دیکھنے میں ایسے ہی محسوس ہوتے جیسے رنگین چھوٹی چھوٹی چڑیاں شاخ کے ساتھ جھول رہی ہوں۔

بوڑھوں کا ہسپتال

وہاں ہم ایک Old Age People Hospital (بوڑھوں کا ہسپتال) بھی گئے۔ تمام نظم ونسق صفائی مستعد نرسوں کی زیرنگہداشت مریض اور پھولوں سے آراستہ کمروں کے باوجود لاچار بوڑھے قابل رحم حالت میں تھے۔ سفید براق بیڈ شیٹس اور سفید ہی یونیفارم میں ملبوس نرسیں۔ کوئی بوڑھی خاتون وہیل چیئر پہ بیٹھی بے بسی کے عالم میں آنے جانے والوں کو تک رہی تھی۔ کچھ متحرک بستروں پہ نیم دراز، انتہائی خاموشی اور بیچارگی کا سماں جیسے یہ اگلے جہان کا دروازہ ہے۔ ہسپتال سے باہر نکلتے ہی بھاگتی دوڑتی روشن زندگی۔ دنیا اور ہی انداز میں بہت خوبصورت نظر آنے لگی۔

قبرستان

